فوری ریلیز کے لیے: 20/8/2024 | ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے ہوکیڈو، جاپان کی حکومت کے ساتھ نئے سیمی کنڈکٹر آر اینڈ ڈی اور ورک فورس ڈیولپمنٹ معاہدے (SEMICONDUCTOR R&D AND WORKFORCE DEVELOPMENT AGREEMENT) کا اعلان کر دیا

NY CREATES, Empire State Development اور گورنر Naomichi Suzuki ہائی ٹیک انڈسٹری کلسٹرز کو مضبوط تر بنانے والے بین الاقوامی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لئے باہم شراکت دار بن گئے ہیں

اس معاہدے سے نیو یارک ریاست کو سیمی کنڈکٹر کا عالمی مرکز بنانے والے گورنر Hochul کے عزم مصمم اور سٹریٹجک سرمایہ کاریوں کو مزید مہمیز مل رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج سیمی کنڈکٹر کی صنعت میں تحقیق اور ترقی، اقتصادی نمو اور افرادی قوت کی مضبوطی اور فروغ سے متعلقہ مواقع پیدا کرنے کے لیے ریاست نیو یارک اور جاپان کے درمیان بین الاقوامی تعاون والے ایک معاہدے کی خوشخبری سنائی۔ نیو یارک کے Center for Research, Economic Advancement, Technology, Engineering and Science (NY CREATES), Empire State Development اور جاپان میں ہوکیڈو کے گورنرNaomichi Suzuki نے ہائی ٹیک تحقیق و ترقی کے مراکز کے ذریعے ایک مضبوط اور عالمی سطح کے سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام کی استعداد حاصل کرنے والے مشترکہ مقصد کو مہمیز دینے کے لیے باہمی مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ ہوکیڈو کی جانب سے شروع ہونے والی یہ شراکت داری باہمی تعاون میں اضافہ کرے گی اور NY CREATES کےAlbany NanoTech Complex کے ساتھ، جو شمالی امریکہ میں سیمی کنڈکٹر تحقیق اور ترقی سے متعلقہ اپنی نوعیت کی سب سے بڑی غیر منفعتی سہولت گاہ ہے، اور Rapidus کے ساتھ باہمی روابط کو مزید گہرا کرے گی جو چیٹوز میں زیر تعمیر ایک جاپانی سیمی کنڈکٹر فرم ہےاور دو-نینو میٹر والے چپس تیار کرے گی جس سے دونوں خطوں میں جدت اور اقتصادی خوشحالی کو مزید فروغ ملے گا۔

"ریاست نیویارک سیمی کنڈکٹر کی صنعت میں سرمایہ کاریاں کرنے میں پورے ملک میں سب سے آگے ہے، اور ہم اسکی ترقی کے لیے شراکتیں اور مواقع تلاش کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمیں ہوکیڈو کے گورنر Naomichi Suzuki اور ان کے وفد کی میزبانی کرنے اور NY CREATES کے Albany NanoTech Complex کی نمائش کرنے کا اعزاز ملنے پر بہت مسرت ہے، جو کہ دنیا میں اپنی نوعیت کی جدید ترین سہولیات میں سے ایک ہے۔ اسی جیسی بین الاقوامی شراکت داریاں ہی باہمی تعاون اور ترقی کو فروغ دیتی ہیں اور معاشی کامیابی کا عمل یقینی بناتی ہیں۔"

گورنر Naomichi Suzuki نے کہا، "ریاستِ نیو یارک تعلیمی، صنعت اور عوامی تعاون کے ساتھ سیمی کنڈکٹر کا ایکو سسٹم تعمیر کرنے کی ایک بہت عمدہ مثال ہے۔ ہم اس نئے فریم ورک سے جو ESD، نیو یارک اور ہوکیڈو کے درمیان ایک بہت عمدہ باہمی تعاون ہے، بے شمار مثبت نتائج حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اب جبکہ ہم Rapidus پروجیکٹ کے عمل کو تیز کر رہے ہیں اور ہوکیڈو میں سیمی کنڈکٹر کا کارخانہ قائم کر رہے ہیں، تو ہم باہمی مفاہمت کی اس یادداشت پر دستخط کرنے کی اس تقریب کو نیو یارک میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ اپنے باہمی تعاون والے کارپوریٹ تعلقات کو مضبوط کرنے کے ایک بہت اچھے موقع کے طور پر دیکھ رہے جن میں

ESD اور NY CREATES بھی ہمارے ساتھ شامل ہیں۔ اس شراکت داری میں ہمارے مستقبل کے لیے جو کچھ موجود ہے ہم اس کے لیے بہت پُرجوش ہیں۔"

باہمی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے سے پہلے، ہوکیڈو کے رہنماؤں نے NY CREATES کے منفرد آپریٹنگ ماڈل کے بارے میں ایک عمیق بریفنگ سے بھی استفادہ کیا اور اس کے وسائل اور صلاحیتوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیں۔ انکے وفد نے Albany NanoTech Complex کا دورہ بھی کیا، جو اس وقت البانی میں ملک کا پہلا ہائی NA EUV لیتھوگرافی سنٹر قائم کرنے کے لیے $1 بلین کی توسیع کے عمل سے گزر رہا ہے۔اب جبکہ ادارہ وفاقی چپس اور سائنس ایکٹ (CHIPS & Science Act) کے تحت مستقبل کے نیشنل سیمی کنڈکٹر ٹیکنالاجی سینٹر کی معاونت کی تیاریاں کر رہا ہے، تو یہ اشتراک NY CREATES کے شراکت داروں کی بڑھتی ہوئی فہرست کو، بین الاقوامی سطح پر بھی، مزید مہمیز دے گا۔ دستخطوں کے بعد، ہوکائیڈو کے وفد کے کیپیٹل ریجن کے دورے کے ایک جزو کے طور پر ٹرائے میں واقع RPI کے کیمپس میں Rensselaer Polytechnic Institute اور Hokkaido University کے درمیان ارادے کے خط پر بھی دستخط کیے جائیں گے۔

Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، ریاست نیویارک سیمی کنڈکٹر انڈسٹری اور اس کے ایکو سسٹم کے لیے ایک عالمی مرکز کی حیثیت میں ابھر کر سامنے آ رہی ہے۔ نیویارک اور جاپان ایک طویل عرصے سے بہت متحرک باہمی تجارتی تعلق رکھتے ہیں، خاص طور پر سیمی کنڈکٹر کی صنعت میں۔ آج کا اعلان اس تعلق کو مزید آگے بڑھا رہا ہے اور یہ امر یقینی بنانے کے ESD کے اس عزم کو مزید مہمیز دے رہا ہے کہ ریاست نیو یارک اس صنعت کے مستقبل میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے ان اہم شراکت داریوں کی حمایت کرے جو اقتصادی ترقی کو فروغ دیتی ہیں۔"

NY CREATES کے صدر Dave Anderson نے کہا، "NY CREATES کی جانب سے، مجھے اپنے Albany NanoTech کمپلیکس میں جو شمالی امریکہ میں سیمی کنڈکٹر کی تحقیق و ترقی کی سب سے بڑی اور جدید ترین غیر منفعتی سہولت گاہ ہے ہوکیڈو کے گورنر Naomichi Suzuki کی میزبانی کرنے کا اعزاز حاصل ہونے پر بہت فخر محسوس ہو رہا ہے۔ یہاں، ہم جدید ترین لاجک پراسیس ٹیکنالوجیز سے لے کر میموری، پیکیجنگ، ہیٹیروجینس انضمام، کوانٹم، فوٹونکس، اور مزید متعدد شعبوں پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔ ہمیں نیو یارک ریاست کے ترقی کرتے ہوئے اختراعات کے ایکو سسٹم کے اس مرکز کو ایک ایسے ماڈل کے طور پر پیش کرنے پر فخر ہے جہاں جاپان جیسے ہمارے دیگر اتحادی شراکت دار جدت طرازی کو فروغ دینے اور عالمی تکنیکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے مقامی بنیادی ڈھانچے تیار کر سکیں اور ان سے استفادہ کر سکیں۔ ہم اس تعاون کے مثبت نتائج دیکھنے کے منتظر ہیں جو آج کے شراکتی معاہدے پر دستخط کے نتیجے میں پیدا ہوں گے۔"

ریاست نیویارک کے گورنر کے دفتر برائے سیمی کنڈکٹر توسیع، انتظام، اور انضمام (GO-SEMI) کی سینئر نائب صدر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر Merideth Andreucci نے کہا، "ہمیں گورنر Naomichi Suzuki اور ہوکائیڈو سے ریاست نیو یارک آنے والے اپنے اس معزز وفد کا خیرمقدم کرنے پر بہت فخر ہے۔ یہ دورہ ہمارے ملکوں کے درمیان بڑھتی ہوئی شراکت داری کی عکاسی بھی کر رہا ہے اور سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں تعاون کی ہماری زبردست صلاحیتوں کو بھی اجاگر کر رہا ہے۔ ٹیکنالوجی اور اختراع میں جاپان کی قیادت، خاص طور پر سیمی کنڈکٹرز کی صنعت میں، سب کے لیے ایک مثال ہے اور ہم اس اہم شعبے کے مستقبل کی تشکیل کے لیے مل کر کام کرتے ہوئے بصیرتوں کا تبادلہ کرنے اور اپنے تعلقات مزید مضبوط کرنے کے خواہشمند ہیں۔"

گورنر Hochul کا نیو یارک کی سیمی کنڈکٹر صنعت کو ترقی دینے کا عزم مصمم

گورنر Hochul نے سیمی کنڈکٹر کی ایک متنوع اور اختراعی صنعت کو وسعت دیتے ہوئے ریاست نیو یارک میں جدید معیشت کی تعمیر کا اپنا عزم مصمم برقرار رکھا ہوا ہے۔ 2022 میں، گورنر Hochul نے نیویارک کی تاریخی انقلابی گرین CHIPS قانون سازی پر دستخط کیے تھے تاکہ نیو یارک کو سیمی کنڈکٹر صنعت کاری کا مرکز بنایا جائے، 21ویں صدی کی مناسبت سے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں اور معاشی ترقی کو فروغ دیا جائے، اس کے ساتھ اہم ماحولیاتی تحفظات برقرار رکھے جائیں۔ مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے $45 ملین کی سرمایہ کاری حاصل کی تھی تاکہ گورنر کا دفتر برائے سیمی کنڈکٹر ایکسپینشن، مینیجمنٹ، اینڈ انٹیگریشن (Governor’s Office of Semiconductor Expansion, Management, and

(Integration، GO SEMI) قائم کیا جائے، جو کہ چپ سازی کی صنعت کی ترقی کے لیے کی جانی والی ریاستی کاوشوں کی سربراہی کرے۔ دسمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے 10$ بلین ڈالر کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا اعلان کیا تھا – جس میںIBM, Micron, Applied Materials, Tokyo Electron اور سیمی کنڈکٹر صنعت کے دیگر لیڈروں کی نجی سرمایہ کاریوں کی صورت میں 9$ بلین ڈالر شامل ہیں – جنکے ذریعے البانی نانو ٹیک کمپلیکس میں High NA EUV Lithography Centerقائم کیا جا رہا ہے جو ملک کا اولیناور صنعت کے لئے قابل رسائی سینٹر ہے اور نیو یارک کے کیپیٹل ریجن میں جدید سیمی کنڈکٹر تحقیق کا مستقبل بن کر ابھرے گا۔ یہ تمام کاوشیں نیویارک کو ایک ایسے جدت پسند رہنما کی حیثیت میں نمایاں کر رہی ہیں جو ملک کے ان تین سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی مراکز میں سے ایک کے کارخانے کی مدد و معاونت کے لیے پوری طرح تیار ہے جو U.S. CHIPS & Science Act کے تحت قائم کیے جائیں گے۔

نیویارک ایک مضبوط سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کا گھر ہے جہاں اس وقت سیمی کنڈکٹر اور سپلائی چین سے متعلقہ 150 سے زیادہ کمپنیاں کو معاونتی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جن میں نیو یارک کے 34,000 سے زیادہ باشندے ملازم ہیں۔ گورنر Hochul کی کاوشوں کی بدولت یہ صنعت سیمی کنڈکٹر کے کاروبار اور سپلائی چین میں ان کمپنیوں کی بڑی سرمایہ کاریوں کے توسط سے مسلسل وسعت پا رہی ہے جن میں Micron, GlobalFoundries, AMD, Edwards Vacuum, MenloMicro and TTM Technologies جیسے بڑے نام بھی شامل ہیں جو نیو یارک میں اپنی موجودگی میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ درحقیقت، گزشتہ دو سالوں میں چپ کمپنیوں نے نیویارک میں 112$ بلین ڈالر سے زیادہ کی منصوبہ بند سرمایہ کاریوں کا اعلان کیا ہے – جو کسی بھی دوسری ریاست سے زیادہ ہیں – اور چار میں سے ایک امریکی ساختہ چپس بالائی نیویارک کے 350 میل کے اندر واقع کارخانوں میں تیار کیے جائیں گے۔ ملک کے کسی اور خطے کا گھریلو پیداوار میں اس سے زیادہ حصہ نہیں ہوگا۔

سیمی کنڈکٹرز ملک کی اقتصادی طاقت کے لیے اہم ہیں، جو جدید الیکٹرانکس کے دماغ کے طور پر کام کرتے ہیں، اور امریکہ کی اقتصادی ترقی، قومی سلامتی، اور عالمی مسابقتیت کے لیے اہم ٹیکنالوجیز کو فعال کرتے ہیں۔ یہ صنعت امریکہ میں 300,000 سے زائد تعداد میں لوگوں کو براہ راست ملازمت دیتی ہے اور 1.8 ملین سے زیادہ اضافی مقامی ملازمتوں کی معاونت کرتی ہے۔ سیمی کنڈکٹرز امریکی برآمدات میں سرفہرست پانچ میں سے ایک ہیں، اور صنعت محنت کشوں کی پیداواری صلاحیت میں سرکردہ حصہ دار ہے، جو کاشتکاری سے لے کر مینوفیکچرنگ تک — عملی طور پر ہر اقتصادی شعبے کی تاثیر اور کارکردگی میں بہتری کی معاونت کرتی ہے۔

NY CREATES کے بارے میں معلومات

NY CREATES ٹیکنالوجی کی ترقی اور اختراع کے لیے پبلک پرائیویٹ اور صنعتی تعلیمی شراکت داری کو فروغ دینے والی جدید ترین الیکٹرانکس کے لیے ایک لیب-ٹو-فیب پل کے طور پر کام کرتا ہے۔ NY CREATES صنعت سے منسلک اختراعات اور کمرشلائزیشن پروجیکٹس کو اپنی جانب راغب کرتا اور ان کی رہنمائی کرتا ہے جو اہم سرمایہ کاریاں کرتے ہیں، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تحقیق و ترقی کو وسعت اور فروغ دیتے ہیں، اور مستقبل کی ملازمتیں پیدا کرتے ہیں۔ NY CREATES دنیا کے بعض جدید ترین کارخانے چلاتی ہے، 2,700 سے زیادہ صنعتی ماہرین اور فیکلٹی کی خدمات سے فخریہ استفادہ کرتی ہے، اور 20$ بلین سے زیادہ کی سرکاری اور نجی سرمایہ کاری کا نظم و نسق سنبھالتی ہے — اور یہ سب امور اسے ہائی ٹیک اختراعات اور کمرشلائزیشن کے عالمی مرکز میں رکھتے ہیں۔ مزید معلوماتwww.ny-creates.org پر ملاحظہ کریں۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں

Empire State Development اقتصادی ترقی کے شعبے میں نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر علاقے میں اپنے دفاتر کے ساتھ ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کاؤنسلز کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ مساوات کی معاونت کرتی ہے، اور آفس آف اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً نیو یارک اسٹیٹ میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ مشغول رہتی ہے، چھوٹے کاروباروں کو بڑھنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے

عالمی معیار کے سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم esd.ny.gov ملاحظہ کریں، اور ESD کے ساتھ Facebook, LinkedIn اور X پر کنیکٹ ہوں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں